Government of **Western Australia**
**School Curriculum and Standards Authority**

# WACE لینگوئیج ایپلیکیشنز کے لیے  سٹوڈنٹ چیک لسٹ

WACE لینگویج کورس (*لینگوئیج ایپلیکیشن*) *میں داخلہ لینے کی اجازت کے لیے اپنی درخواست* شروع کرنے سے پہلے سب کچھ تیار کرنے کے لیے اس چیک لسٹ کا استعمال کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو اپنے والدین یا سرپرستوں سے، اپنے لینگویج ٹیچر یا اسکول انتظامیہ سے پوچھیں، یا آپ اسکول کریکولم اینڈ اسٹینڈرڈز اتھارٹی (اتھارٹی) کو یہاں پر ای میل کر سکتے ہیں languagesenrolment@scsa.wa.edu.au۔ ایک جامع اسٹوڈنٹ گائیڈ WACE لینگویج ایپلیکیشنز کے ویب پیج (https://www.scsa.wa.edu.au/sirs-and-srms-info/srms-information/wace-language-applications) پر مل سکتی ہے۔

## 1 سٹوڈنٹ پورٹل میں لاگ ان کرنا

اسٹوڈنٹ پورٹل (https://studentportal.scsa.wa.edu.au) پر لاگ ان کرنے کے لیے، آپ کو اپنے **WA اسٹوڈنٹ نمبر** کی ضرورت ہے، جو آپ کو اپنے اسکول کی رپورٹ/ رپورٹوں میں ملے گا۔ یہ آپ کے SmartRider پر بھی ہو سکتا ہے۔ آپ کو**ایک ذاتی ای میل ایڈریس کی بھی ضرورت ہے** اور جب آپ اپنی *زبان کی درخواست* .مکمل کرتے ہیں تو آپ کا اپنے ذاتی ای میل اکاؤنٹ تک رسائی کے قابل ہونا ضروری ہے۔ ذاتی ای میل ایڈریس کا استعمال آپ کو اسکول چھوڑنے کے بعد، اور آپ کے اسکول کے ای میل ایڈریس کی میعاد ختم ہونے کے بعد ای میلز وصول کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

## 2 تعلیمی معلومات

آپ کو درج ذیل تعلیمی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے:

- ❑ پری پرائمری سے ہر تعلیمی سال کے لیے آپ نے جن اسکولوں میں شرکت کی ہے ان کی تفصیلات:
  - اسکول کا نام
  - اسکول میں تعلیم کے لیے استعمال ہونے والی مرکزی زبان
  - پڑھی ہوئی زبان / زبانیں (اگر کوئی ہے)
  - فی ہفتہ زبان کے مطالعہ کے گھنٹے (اگر کوئی ہیں)
- ❑ ان سالوں کی اسکول کی رپورٹ/ رپورٹیں جہاں آپ نے آسٹریلیا سے باہر اسکول میں تعلیم حاصل کی ہے (اگر کوئی ہے)

## 3 رہائش کی معلومات

آپ کو درج ذیل رہائشی تفصیلات فراہم کرنے کی ضرورت ہے:

- ❑ جن ممالک میں آپ رہ چکے ہیں
- ❑ وہ ممالک جن کا آپ دورہ /سفر کر چکے ہیں/تعطیلات گزار چکے ہیں، بشمول اندرون ملک دورے/ دوروں کی وجہ/وجوہات اور مدت۔ اس میں صرف وہ ممالک شامل ہیں جہاں بولی جانے والی زبان وہی ہے جس کے لیے آپ نے درخواست دے رہے ہیں۔

## 4 لسانی پس منظر

آپ کو درج ذیل لسانی تفصیلات فراہم کرنے کی ضرورت ہے:

- ❑ مادری زبان / زبانیں جو آپ نے بولنا سیکھی ہیں۔
- ❑ دوسری زبانیں جو آپ بولتے، پڑھتے اور لکھتے ہیں۔
- ❑ وہ زبان / زبانیں جو آپ اپنے والدین یا سرپرستوں اور اپنے بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ بولتے ہیں۔
- ❑ وہ زبان جو آپ کے والدین یا سرپرست بولتے ہیں۔

## 5 معاون دستاویزات

آپ کو اپنی درخواست میں اپ لوڈ کرنے کے لیے درج ذیل دستاویزات کی تصویرلینے یا اسکین کرنے کی ضرورت ہے:

- ❑ *والدین/سرپرست کی جانب سے وصولی کا مکمل کردہ فارم* - لازمی
- ❑ پاسپورٹ کاشناختی صفحہ - اگر آپ کسی دوسرے ملک میں پیدا ہوئے ہیں یا آسٹریلیا سے باہر رہتے ہیں۔
- ❑ اسکول کی رپورٹ/رپورٹیں - اگر آپ نے آسٹریلیا سے باہر اسکول/ اسکولوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔
- ❑ بین الاقوامی نقل و حرکت کا ریکارڈ - اگر آپ ایسے ممالک یا جگہوں پر مقیم رہے ہیں یا اکثر سفر کرتے ہیں جہاں آپ جس زبان کے لیے درخواست دے رہے ہیں وہ بولی جاتی ہے (اور اگر اتھارٹی کی طرف سے درخواست کی گئی ہو)

معاون دستاویزات کو اپنے کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس پر محفوظ کریں بطور **.jpeg**, **.jpg**, **pdf** یا **.png** فائلوں کے طور پر، جس میں **ہر فائل کا سائز 4MB سے زیادہ نہ ہو**. ورڈ میں لکھی دستاویزات کو قبول **نہیں** کیا جائے گا، اورفائل کو نام دیتے وقت کوئی ناقابل شناخت علامات جیسا کہ < > ? ! / \ ” * : , # % $ ( ) { } + = @ ہیں انہیں استعمال نہیں کرنا چاہیے۔